# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو-I (8661) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایڈ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کر سکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال1-   اردو زبان کے آغاز وارتقا سے متعلق معروف نظریات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال2-   پاک وہند میں اردو زبان کے ارتقا کی تفصیل تحریر کریں۔ (20)

سوال3-   اردو ادب کے آغاز کے تناظر میں بہمنی دور کی خدمات بیان کریں۔ (20)

سوال4-   اردو ادب کے ارتقا میں بیجاپور کی ریاست کا اہم حصہ ہے۔تبصرہ کریں۔ (20)

سوال5-   مسعود سعد سلیمان سے گرو نانک کے عہد تک اردو زبان وادب کے ارتقا کی تفصیل لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال1-   شہنشاہ بابر سے عہد شاہ جہاں تک اردو زبان وادب کی ارتقائی صورت حال واضح کریں۔ (20)

سوال2-   اردو ادب میں ایہام گوئی کی تحریک کا کیا کردار ہے؟ تبصرہ کریں۔ (20)

سوال3-   میر وسودا کا دور اردو شاعری کا عہد زریں ہے۔تبصرہ کریں۔ (20)

سوال4-   دہلی کے ان سیاسی اور سماجی حالات کا تجزیہ کریں، جن میں دہلی کے دبستان شعری کی تشکیل ہوئی۔ (20)

سوال5-   دبستان لکھنو اپنی خصوصیات میں دبستان دہلی سے کس حد تک مختلف ہے؟ اپنی رائے کا اظہار کریں۔ (20)